رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
دہلوی
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com
25 YEARS TRUST AND PURITY

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi•Mumbai•Kolkata
Lucknow•Gorakhpur•Kanpur
Patna•Hyderabad•Bengaluru
NEW DELHI (CITY) Pages: 12 ₹4/- Vol:24 Issue :8903
•حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار ﴿یعنی مکمل سچ﴾ منگل 12/ذی القعدہ 1445ھ شمارہ نمبر:8903 سال:24
Tuesday 21 May 2024

پانچویں مرحلے کی پولنگ مکمل ▫ 8 ریاستوں میں 49 سیٹوں پر 60.09 فیصد لوگوں نے ووٹ ڈالے

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

2024 کے لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں پیر کو 6 ریاستوں اور 2 مرکز کے زیر انتظام خطوں کی 49 نشستوں کے لیے پولنگ مکمل ہوگئی۔ اس مرحلہ میں مجموعی طور پر 60.09 فیصد پولنگ ہوئی۔ سب سے زیادہ ٹرن آؤٹ مغربی بنگال میں 74.65 فیصد اور مہاراشٹر میں سب سے کم 54.29 فیصد رہا۔

◄ سب سے زیادہ ٹرن آؤٹ مغربی بنگال میں 74.65 فیصد اور مہاراشٹر میں سب سے کم 54.29 فیصد

اس کے علاوہ اوڈیشہ اسمبلی کے دوسرے مرحلہ کی 35 سیٹوں پر 60.70 فیصد، جھارکھنڈ کی گانڈے اسمبلی سیٹ پر 68.26 فیصد اور لکھنؤ مشرقی سیٹ پر 52.25 فیصد پولنگ ہوئی۔ اترپردیش کے مہوبہ میں ڈیوٹی کے دوران ایک سی آر پی ایف جوان کی موت ہوگئی۔ مغربی بنگال کے بیرک پور اور ہگلی میں بی جے پی امیدواروں اور ٹی ایم سی کے حامیوں کے درمیان جھڑپیں ہوئی ہیں۔ ممبئی میں پولنگ بوتھ کے قریب ڈمی ای وی ایم رکھنے پر پولیس نے شیوسینا (یو بی ٹی) کے 3 کارکنوں کو حراست میں لے لیا ہے۔ مرکزی وزیر پیوش گوئل کے علاوہ گلزار، سبھاش گھئی، اکشے کمار، نانا پاٹیکر، انل کپور، منوج باجپئی، آر بی آئی کے گورنر شکتی کانت داس اور انل امبانی نے ممبئی میں ووٹ ڈالا۔ اس کے علاوہ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، بی ایس پی سپریمو مایاوتی، ستیش چندر مشرا نے لکھنؤ میں ووٹ ڈالا۔ راہل گاندھی کے خلاف مقابلہ کرنے والے دنیش پرتاپ سنگھ نے رائے بریلی میں ووٹ ڈالا۔

لوک سبھا کی 543 سیٹوں میں سے 380 سیٹوں پر چوتھے مرحلہ تک پولنگ ہوئی تھی۔ آج کی سیٹوں سمیت کل 429 سیٹوں پر پولنگ مکمل ہوچکی ہے۔ باقی 2 مرحلوں میں 114 سیٹوں پر پولنگ ہونا باقی ہے۔

ایرانی صدر رئیسی اور وزیر خارجہ حسین ہیلی کاپٹر حادثہ میں جاں بحق

نائب صدر محمد مخبر دزفولی 2 ماہ کیلئے عبوری صدر مقرر ▫ نائب وزیر خارجہ علی باقری کنی کو وزارتِ خارجہ کی ذمہ داری سونپی گئی ▫ 5 روزہ قومی سوگ کا اعلان

تہران، (ایجنسیاں)

ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کے ہیلی کاپٹر حادثہ میں جاں بحق ہونے کے بعد اب ملک کے نائب صدر محمد مخبر دزفولی اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ ایرانی صدر ابراہیم رئیسی کا ہیلی کاپٹر موسم کی خرابی کے باعث تبریز شہر میں گرکر تباہ ہوگیا تھا۔ حادثہ کے وقت ہیلی کاپٹر میں ایرانی صدر کے ہمراہ وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان، ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے ترجمان اور ایران کے صوبہ تبریز کے گورنر کے علاوہ دیگر اعلیٰ عہدیداران بھی سوار تھے۔

محمد مخبر دزفولی علی باقری کنی

گزشتہ روز سے ہی حادثہ کا شکار ہونے والے ایرانی صدر کے ہیلی کاپٹر کی تلاش کا کام جاری تھا مگر خراب موسم کے باعث ہیلی کاپٹر کے حادثہ کے مقام کا پتہ لگانے میں تاخیر ہوئی اور آج صبح ریسکیو ٹیمیں جائے حادثہ تک پہنچیں۔ اب ایران کے سرکاری میڈیا اور دیگر عرب میڈیا نے بھی ایرانی صدر ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان کے ہیلی کاپٹر حادثہ میں جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی ہے۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ اسلامی جمہوریہ ایران کے آئین کے مطابق ایران کے صدر کے نااہل ہونے، مستعفی ہونے، غیر حاضر ہونے، بیمار ہونے یا انتقال ہونے کی صورت میں نائب صدر صدارتی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ اس وقت محمد مخبر ایران کے نائب صدر کی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں اور آئین کے مطابق اب محمد مخبر دزفولی ایران کے صدر کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔

ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کے ساتھ ہیلی کاپٹر حادثے میں وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان بھی جاں بحق ہوئے، جس کے بعد علی باقری کنی کو قائم مقام وزیر خارجہ مقرر کردیا گیا ہے۔ ہیلی کاپٹر کے حادثے میں حسین امیر عبداللہیان کی شہادت کے بعد ایرانی حکومت نے قائم مقام وزیر خارجہ کا اعلان کر دیا۔ آئین کے آرٹیکل 135 کے مطابق جب کسی وزارت کا کوئی وزیر نہ ہو تو صدر کسی شخص کا انتخاب کر کے انہیں 3 ماہ کے لیے اس وزارت کا سربراہ نامزد کر سکتے ہیں۔ ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کی ہیلی کاپٹر حادثے میں ہلاکت کے بعد کے 2 ماہ کیلئے ایران کے عبوری صدر نائب صدر محمد مخبر نے ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ محمد مخبر کی بطور عبوری صدر تقرری کا اعلان ملک کے رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کی منظوری کے بعد کیا گیا۔ ایران کے سپریم لیڈر نے ملک میں 5 روزہ قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ ایران سپریم لیڈر کے مطابق پہلے نائب صدر محمد مخبر آئین کے مطابق ایگزیکٹیو برانچ کے انچارج ہیں۔ ایران سپریم لیڈر نے کہا کہ محمد مخبر کو عدلیہ، قانون ساز اداروں کے سربراہوں کی ہم آہنگی سے انتخابات 50 دنوں کے اندر کرانے ہوں گے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق محمد مخبر دزفولی کو 2 ماہ کیلئے ایران کا عبوری صدر مقرر کردیا گیا ہے۔ ایرانی آئین کے مطابق 50 دن کے اندر دوبارہ صدارتی انتخاب کرایا جائے گا۔

ابراہیم رئیسی حسین امیر عبداللہیان

(باقی متفرقات صفحہ 9 پر/ متعلقہ خبریں آئینہ عالم صفحہ 12 پر)

وزیراعظم مودی اور وزیر خارجہ نے کیا دکھ کا اظہار

◄ ہندوستان میں بھی ایک روزہ سوگ کا اعلان

نئی دہلی، (ایجنسیاں) وزیراعظم نریندر مودی نے ہیلی کاپٹر کے حادثے میں ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کی موت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور ایران کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ مودی نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں لکھا کہ رئیسی کے افسوسناک انتقال پر گہرا دکھ اور صدمہ پہنچا۔ ہندوستان ایران دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے میں ان کے تعاون کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کے اہل خانہ اور ایرانی عوام کے ساتھ میری دلی تعزیت۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے بھی رنج وغم کا اظہار کیا۔ مرکزی وزارت داخلہ نے ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کے اعزاز میں منگل کو پورے ہندوستان میں ایک دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔

میں آر ایس ایس کا رکن تھا اور رہوں گا: جسٹس داس

کولکاتا، (ایجنسیاں)

کلکتہ ہائی کورٹ کے جج جسٹس کے چت رنجن داس پیر کو ریٹائر ہو گئے۔ اس موقع پر جسٹس داس نے اپنے بارے میں ایک خاص بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ وہ آر ایس ایس کے رکن تھے۔ ہائی کورٹ میں ججوں اور بار کے ممبران کی موجودگی میں الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس دوران جسٹس داس نے کہا کہ اگر آر ایس ایس نے کسی بھی کام کیلئے بلایا اور اگر وہ کام کرنے کے اہل ہیں، تو وہ یقینی طور پر تنظیم میں واپس جائیں گے۔ ریٹائرمنٹ کے موقع پر جسٹس داس نے کہا کہ ہوسکتا ہے کچھ لوگوں کو یہ پسند نہ آئے، لیکن مجھے آپ کو بتانا ہے کہ میں آر ایس ایس کا رکن تھا اور آگے بھی رہوں گا۔ میں آر ایس ایس کا مقروض رہا ہوں اور بچپن سے اس تنظیم سے جڑا ہوا ہوں۔ میں نے تنظیم میں رہتے ہوئے بہادر اور ایماندار بننا سیکھا۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے جذبہ حب الوطنی کے ساتھ کام کرنا سیکھا۔ جسٹس داس نے یہ بھی کہا کہ اپنے کام کی وجہ سے انہوں نے 37 سال تک تنظیم سے دوری بنائے رکھی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کبھی بھی تنظیم کی رکنیت کو اپنے کریئر میں ترقی کیلئے استعمال نہیں کیا، کیونکہ یہ اصولوں کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کی فراہمی کیلئے قانون کو جھکایا جا سکتا ہے، لیکن انصاف کو قانون کے حساب سے نہیں چلایا جاسکتا۔ واضح رہے کہ جسٹس داس 20 جون 2022 کو کلکتہ ہائی کورٹ کے جج بنے اور آج ریٹائر ہوگئے۔ جسٹس چت رنجن داس سے قبل کلکتہ ہائی کورٹ کے جسٹس ابھجیت گنگو پادھیائے نے بھی اسی سال 5 مارچ کو استعفیٰ دے کر 7 مارچ کو بی جے پی میں شمولی اختیار کرلی تھی اور وہ اس وقت بی جے پی کے ٹکٹ پر تملوک حلقے سے لوک سبھا کا الیکشن لڑ رہے ہیں۔

تینوں نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا راستہ صاف

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

سپریم کورٹ نے تینوں نئے فوجداری قوانین کو چیلنج کرنے والی مفاد عامہ کی درخواست پر سماعت کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ اس درخواست میں کہا گیا تھا کہ جب یہ قانون پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا تھا تو اس پر کوئی تفصیلی بحث نہیں ہوسکی تھی کیونکہ اس وقت زیادہ تر ارکان پارلیمنٹ کو معطل کر دیا گیا تھا۔ درخواست میں سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے کر نئے قوانین کا جائزہ لینے نیز ان پر پابندی لگانے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ مفاد عامہ کی یہ درخواست (پی آئی ایل) ایڈووکیٹ وشال تیواری نے دائر کی تھی۔ درخواست میں کہا گیا تھا کہ جب یہ قوانین پارلیمنٹ میں پیش کیے گئے تھے تو پارلیمنٹ میں اس پر کوئی تفصیلی بحث نہیں ہوئی تھی کیونکہ اس وقت زیادہ تر ارکان پارلیمنٹ کو معطل کر دیا گیا تھا۔ مرکزی حکومت کے نوٹیفکیشن کے مطابق یکم جولائی سے 3 نئے فوجداری قوانین نافذ ہونے جا رہے ہیں۔ مرکزی حکومت نے اس سلسلے میں 24 فروری کو نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔ اس میں کہا گیا ہے کہ برطانوی دور کے انڈین پینل کوڈ (آئی پی سی)، انڈین ایویڈینس ایکٹ اور کریمنل پروسیجر کوڈ (سی آر پی سی) کی جگہ لینے والے 3 نئے فوجداری قوانین یکم جولائی سے نافذ ہوں گے۔ یہ تینوں نئے فوجداری قوانین انڈین جسٹس کوڈ، انڈین سول ڈیفنس کوڈ اور انڈین ایویڈینس ایکٹ ہیں۔ ان تینوں بلوں کو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں سرمائی اجلاس کے دوران منظور کیا گیا تھا۔ اس کے بعد صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 25 دسمبر کو ان تینوں نئے فوجداری قوانین کے بل کو منظوری دی تھی۔ صدر جمہوریہ کی رضامندی کے بعد یہ بل قانون میں تبدیل ہوگئے تھے۔

بی جے پی کے اشتہارات پر کلکتہ ہائی کورٹ نے لگائی عبوری روک

کولکاتا، (یو این آئی)

کلکتہ ہائی کورٹ نے بی جے پی کے انتخابی اشتہارات پر عبوری روک لگا دی ہے۔ کسی دوسرے میڈیا میں متنازع اشتہارات نہیں شائع کئے جائیں گے۔ عدالت نے کہا کہ بی جے پی ایسے اشتہارات نہیں چلاسکتی، جس سے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی ہو۔ ہائی کورٹ کے جسٹس سبیا ساچی بھٹاچاریہ نے اس معاملے میں کمیشن کے کردار پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کمیشن کو اشتہارات کے بارے میں ترنمول کی شکایات کی بنیاد پر پہلے ہی کارروائی کرنی چاہیے تھی۔ اخبارات اور میڈیا میں شائع ہونے والے بی جے پی کے اشتہارات پر اعتراض کرتے ہوئے ترنمول نے الیکشن کمیشن سے رجوع کیا۔ الزام ہے کہ پہلے وہاں سے کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ اس کے بعد ترنمول نے ہائی کورٹ میں اشتہار کے خلاف مقدمہ دائر کیا تھا۔ اس کی سماعت پیر کو جسٹس بھٹاچاریہ کی بنچ میں ہوئی۔ عدالت نے اشتہار پر عبوری حکم امتناعی دے دیا۔ اس کے نتیجے میں بی جے پی فی الحال کسی بھی میڈیا میں دو اشتہار شائع نہیں کر سکے گی۔ عدالت نے اشتہار کے تناظر میں لفظ 'غیر تصدیق شدہ' استعمال کیا، جس کا مطلب ہے کہ پابندی ان اشتہارات پر برقرار رہے گی، جن کی صحیح جانچ نہیں کی گئی ہے۔ کمیشن پہلے ہی ترنمول کی شکایات پر کارروائی کر چکا ہے۔ بی جے پی کے ریاستی صدر سوکانت مجمدار کو ان دو اشتہارات کیلئے نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ سوکانت کو 21 مئی بروز منگل شام 5 بجے تک شوکاز کا جواب دینے کی ہدایت دی گئی ہے۔ بی جے پی کے دو اشتہارات جن پر ترنمول نے اعتراض کیا ہے، ان میں نعرے تھے 'ترنمول کانگریس بدعنوانی کی جڑ ہے'۔ دوسرے یہ 'ترنمول کانگریس سناتن مخالف ہے'۔

بھیانک سڑک حادثہ ▫ 18 مزدوروں کی موت ▫ 4 افراد زخمی

کاوردھا، (یو این آئی)

چھتیس گڑھ کے کبیردھام ضلع کے ککڈور تھانہ علاقے کے باہپانی گاؤں کے نزدیک پیر کو ان کی پک اپ گاڑی الٹ جانے سے 18 قبائلی مزدوروں کی موت اور چار دیگر زخمی ہو گئے۔ دریں اثنا، ریاست کے وزیراعلیٰ وشنو دیو سائی نے حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ تمام قبائلی کارکن تندو کے پتے توڑنے جنگل گئے تھے، وہاں سے واپسی کے دوران پک اپ گاڑی بے قابو ہوکر الٹ گئی اور گہری کھائی میں جا گری۔ اس حادثے میں 18 افراد ہلاک اور چار مزدور زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ ککڈور تھانہ کے باہپانی گاؤں کے نزدیک پیش آیا۔ کبیردھام کے پولیس سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ابھیشیک پلاو نے اس واقعہ کی تصدیق کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس ٹیم کو موقع پر روانہ کردیا گیا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ سائی نے اس المناک واقعہ پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ مسٹر سائی نے ایکس پر لکھا ہے کہ کبیردھام ضلع کے کوکڈور تھانہ علاقے کے باہپانی گاؤں کے نزدیک پک اپ کے الٹ جانے سے 18 گاؤں والوں کی موت اور چار کے زخمی ہونے کی افسوسناک خبر موصول ہونے پر وہ افسردہ ہیں۔ زخمیوں کے بہتر علاج کے لیے ضلعی انتظامیہ کو ضروری ہدایات دے دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ بھگوان سے مرحوم کی روح کے سکون کی پرارتھنا کرتے ہیں اور ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ میں زخمیوں کی جلد صحت یابی کی خواہش کرتا ہوں۔

اس حادثہ میں مرنے والوں کے نام درج ذیل ہیں: (1) ملا بائی (48) شوہر بنجاری، (2) ٹکو بائی (40) شوہر گلاب سنگھ، (3) سرداری (45) ولد سلاب گونڈ، (4) جنیا بائی (35) شوہر جناؤ گونڈ، (5) منگیا بائی (60) شوہر بجرو ماراوی، (6) جھنگلو بائی (62) شوہر دھنی رام، (7) سیا بائی (50) شوہر تریت گونڈ، (8) کرن (15) ولد شیو ناتھ، (9) پٹورین بائی (35) شوہر دیارام گونڈ، (10) دھنیا بائی (48) شوہر سریداری گونڈ، (11) شانتی بائی (35) شوہر شیو ناتھ، (12) پیاری بائی (40) شوہر پھول چند، (13) سونم بائی (16) ولد پھول چند، (14) وسمت بائی (45)، (15) لیلا بائی (35) شوہر مان سنگھ، (16) پرسدیا بائی (30) شوہر رام چندر، (17) بھارتی (13) ولد مان سنگھ اور (18) سنتی بائی (45) شوہر مدن سنگھ (تمام کا تعلق شیڈولڈ ٹرائب سے تھا)۔

مختصر خبریں

گجرات اے ٹی ایس کا 4 دہشت گردوں کی گرفتاری کا دعویٰ

احمد آباد، (یو این آئی)

گجرات اے ٹی ایس نے پیر کے روز یہاں احمد آباد کے سردار ولبھ بھائی پٹیل بین الاقوامی ہوائی اڈے پر آئی ایس آئی ایس کے 4 مشتبہ دہشت گردوں کو گرفتار کیا۔ یہ گرفتاریاں نریندر مودی اسٹیڈیم میں آئی پی ایل میچ کیلئے احمد آباد ایئرپورٹ پر آئی پی ایل کی تین ٹیموں کی آمد سے قبل کی گئیں۔ ایلیمینیٹر میچ کی تاریخ 22 مئی کو طے ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ گرفتار کیے گئے چاروں افراد اسلامک اسٹیٹ کے دہشت گرد اور سری لنکا کے باشندے ہیں۔ گرفتار افراد سے تفصیلی پوچھ گچھ کی جارہی ہے۔

'کھرگے پر نازیبا تبصرہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی'

نئی دہلی، (یو این آئی)

کانگریس نے کہا ہے کہ مغربی بنگال میں کچھ عہدیداروں اور کارکنوں نے پارٹی صدر ملکارجن کھرگے کے خلاف نازیبا ریمارکس پاس کئے ہیں، جسے برداشت نہیں کیا جائے گا، اس لئے پارٹی نے ریاستی انچارج سے رپورٹ طلب کی ہے تاکہ اس کی تحقیقات کر کے قصورواروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جاسکتا ہے۔ پارٹی نے ان واقعات کو انتہائی سنجیدگی سے لیا ہے اور مغربی بنگال کے جنرل سکریٹری انچارج سے کہا ہے کہ وہ فوری طور پر ان بے ضابطگیوں کی رپورٹ پیش کریں۔ مسٹر وینوگوپال نے کہا کہ ہم اس طرح کی پارٹی مخالف سرگرمیوں کو بہت سنجیدگی سے لیتے ہیں اور عوامی طور پر بے حسی اور ڈسپلن شکنی کے اس طرح کے مظاہروں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

मध्यम वर्ग के साथ
ये है मोदी की गारंटी
मध्यम वर्गीय परिवारों के अपने घर का सपना पूरा होगा
भारत को मैन्युफैक्चरिंग का ग्लोबल हब बनाएंगे, इससे लाखों रोजगार सृजित होंगे
70 वर्ष से अधिक आयु के सभी वरिष्ठ नागरिकों को आयुष्मान भारत योजना में शामिल कर निःशुल्क स्वास्थ्य सुविधा देंगे
रेल टिकटों की वेटिंग लिस्ट न्यूनतम करेंगे
नीयत सही तो नतीजे सही
फिर एक बार मोदी सरकार
कमल का बटन दबाएं भाजपा को जिताएं
Published by: Bharatiya Janata Party, 6A, Pandit Deen Dayal Upadhyaya Marg, New Delhi

سب سے پہلے لائف انشورنس
ایل آئی سی کی جیون اُتسو
جشن منائیں ضمانت کے ساتھ
Plan No.: 871 UIN: 512N363V01
زندگی بھر ضمانت شدہ واپسی کے ساتھ
آن لائن بھی دستیاب
پوری زندگی کا انشورنس فوائد کا انتخاب کرنے کی آزادی کے ساتھ
- پریمیم ادا کرنے کی محدود مدت 5 سے 16 سال
- پریمیم ادا کرنے کی مدت کے دوران ضمانت شدہ اضافے
- باقاعدہ آمدنی میں فائدہ / لچک دار آمدنی میں فائدہ
- کم سے کم تعین شدہ بنیادی رقم 5 لاکھ
ایک غیر منسلک، غیر اشتراکی، انفرادی، پوری زندگی بچت کا انشورنس پلان
LIC لائف انشورنس کارپوریشن آف انڈیا LIFE INSURANCE CORPORATION OF INDIA
ہر پل آپ کے ساتھ
'Hi' ہمارا وہاٹس ایپ نمبر 8976862090
کال سینٹر سروس (022) 6827 6827
وزٹ: licindia.in
ڈاؤن لوڈ کریں ایل آئی سی موبائل ایپ LIC digital
مزید تفصیلات کیلئے، اپنے ایجنٹ / نزدیکی ایل آئی سی برانچ سے رابطہ کریں یا SMS کریں اپنے شہر کا نام 56767474 پر
Follow us : LIC India Forever | IRDAI Regn No.: 512
جعلی فون کالس اور جھوٹے / دھوکہ دھڑی کی پیشکش سے ہوشیار رہیں۔ آئی آر ڈی اے آئی جیون بیمہ پالیسیوں کی فروختگی، بونس کا اعلان اور پریمیم میں سرمایہ کاری جیسی سرگرمیوں میں شریک نہیں ہوتے ہیں۔ اس طرح کے فون کالس موصول ہونے پر عوام سے درخواست ہے کہ پولس میں شکایت درج کریں۔ فروختگی بند کرنے سے پہلے مزید تفصیلات یا خطرے کے عوامل، شرائط و ضوابط کے لئے پلان کی فروختگی کی کتاب کو دھیان سے پڑھیں۔
LIC/P1/2023-24/13/Urd